کے بیان کے مطابق جو ترجمے مجمع الملک فہد کو ارسال کئے گئے ہیں ان کی مکمل تحقیق ہو چکی ہے، انہوں نے مزید کہا کہ رابطہ قرآن کریم کے تراجم کی طباعت اور تقسیم کا کام جاری رکھے گا تا آنکہ اس کے پیش نظر جو مقصد ہے وہ پورا ہو جائے۔ (المدینۃ الریاضیۃ ۱۲ محرم ۱۴۰۹ھ)

تفہیم القرآن کا سنہالی زبان میں ترجمہ

کولمبو۔ دو سال قبل سری لنکا میں پہلی بار قرآن مجید کا ترجمہ سنہالی زبان میں شائع کیا گیا تھا اب یہاں کی جماعت اسلامی مولانا مودودیؒ کے تفہیم القرآن کا ترجمہ سنہالی زبان میں کر رہی ہے۔ سری لنکا جماعت اسلامی کے امیر جناب مولوی ابراہیم نے بتایا کہ سورۃ البقرہ پر مشتمل تفہیم القرآن کی پہلی جلد کا سنہالی ترجمہ اسی سال چند ماہ کے اندر شائع ہو کر شائقین کے ہاتھوں میں پہنچ جائے گا ترجمہ کے کام کے لئے ایک کمیٹی ۱۹۸۴ء میں تشکیل دی گئی تھی۔ اسی کمیٹی کی نگرانی میں ترجمہ کا کام ہو رہا ہے اس کمیٹی کے سربراہ جناب جیا سنیا ہیں جو سری لنکا حکومت میں آفیشل لینگویج ڈیپارٹمنٹ کے ہیڈ رہ چکے ہیں۔ (دعوت، دہلی، ۴ مارچ ۱۹۸۸ء)

تراجم قرآن کی اشاعت

رابطہ عالم اسلامی (مکۃ المکرمۃ) کے شعبۂ قرآنیات نے اپنے انگریزی ترجمان مسلم ورلڈ لیگ جنرل (MUSLIM WORLD LEAGUE JOURNAL) میں قرآن مجید کے مختلف تراجم شائع کرنے کا منصوبہ بنایا ہے، اس کا مقصد جرنل کے قارئین کو مختلف تراجم قرآن سے روشناس کرانا ہے، سردست مولانا شبیر احمد عثمانی کی تفسیر سے شیخ الہند مولانا محمود الحسن کا ترجمہ سورۂ فاتحہ شائع کیا ہے، اس سلسلہ میں سربراہ شعبہ نے انگریزی مجلہ کے قارئین سے گذارش کی ہے کہ وہ اپنے مشوروں اور تجاویز سے مطلع کریں۔ (مسلم ورلڈ لیگ جرنل، جنوری، فروری ۱۹۸۸ء)

متحدہ عرب امارات میں قرآن مجید کے گراں قدر قلمی نسخوں کی نمائش

متحدہ عرب امارات میں قرآن مجید کے ایسے قلمی نسخوں کی ایک نمائش منعقد ہوئی جو تاریخ کے